عقائدِ نظامیہ

مع

عقيدة أهل المعالي

في شرح

قصيدة بدء الأمالي

قد اعتنى بطبعه طبعة جديدة بالأوفست

حسين حلمي بن سعيد استانبولي

يطلب من المكتبة ايشيق بشارع دار الشفقة بفاتح ٧٢

استانبول - تركيه

١٣٩٦ هجري ١٩٧٦ ميلادي

پیش لفظ

ا۔ پاک پتن شریف سے رسالہ عقائدِ نظامیہ ۱۳۸۶ھ میں شائع کیا گیا تھا۔ اپنی افادیت کی وجہ سے یہ بہت مقبول ہوا۔ اور جلد ہی ہاتھوں ہاتھ تقسیم ہو گیا۔ اب کافی مدت سے احباب اِس کی اشاعت پر اصرار کر رہے تھے۔ چنانچہ مُرشدنا حضرت قبلہ میاں علی محمد خان صاحب مدظلہم سجادہ نشین بسی شریف کے ایما سے مکرر شائع کیا جارہا ہے۔

۲۔ موجودہ اشاعت میں مسئلہ "سماع" کے متعلق ایک بلند پایہ علمی تحقیقی مقالہ بھی حضرت قبلہ موصوف کی اجازت سے شریک کر دیا گیا ہے۔ یہ مقالہ جگراؤں ضلع لدھیانہ کے مشہور متبحر عالم جناب مولانا عبدالرحیم صاحب مرحوم و مغفور کی تصنیف ہے۔ اور ان کے فرزندِ رشید جناب مولانا حبیب اللہ صاحب مرحوم و مغفور نے اسے "یادِ پیر" میں بطورِ ضمیمہ شائع کرایا تھا۔ عقائدِ نظامیہ کے افتتاحیہ میں پہلے ہی یہ ذکر آچکا ہے کہ مخالفینِ "سماع" اِس بارہ میں اِس حد تک غلو کرتے رہے ہیں۔ کہ حضرت قبلہ فخرِ جہاں مولانا محمد فخر الدین قدس سرہٗ پر قاتلانہ حملہ کی بُنیاد اِسی مسئلہ کو بنایا گیا تھا۔ اِس تحقیقی مقالہ میں احادیثِ نبویہ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر مبنی نادر بحث کی گئی ہے۔ جسے بغرضِ اِستفادۂ عام رسالہ عقائدِ نظامیہ کے ساتھ شائع کیا جارہا ہے۔

۳۔ رسالہ عقائدِ نظامیہ میں شجرۂ طیبہ چشتیہ نظامیہ فخریہ پر مخمس بھی کتاب مستطاب "یادِ پیر" سے نقل کر دی گئی ہے تاکہ صاحبِ ذوق احباب اور رُفقاء اِسے روزانہ پڑھ کر مُستفید ہوں۔

ناشر

۹۔ جمادی الاوّل ۱۳۹۳ھ ☆

۱۱۔ جون ۱۹۷۳ء

اہلُ السنّت والجماعت کے مذہب و مسلک کے مطابق چند ضروری عقائد
جن کا جاننا اور ماننا اہلِ حق کے لئے لازمی ہے

نظامُ العقائد

المعروف بہ

عقائدِ نظامیہ

از

رئیس العارفین امیر الکاملین محبّ النبی حضرت مولانا محمد فخر الدین چشتی نظامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

حسب الارشاد

شمس الفقراء بدر الفضلاء جامع المنقول و المعقول حضرت میاں علی محمد خان صاحب چشتی نظامی مدظلہ العالی

شروع کیا تھا۔ منتہی طلباء کو آپ خود حدیث شریف پڑھایا کرتے تھے۔ اِس مدرسہ میں بیٹھ کر آپ نے صرف درسی کتابیں پڑھانے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ حقائق و معارف کے دریا بہا دیئے اور دین متین کی حفاظت و اشاعت کا وُہ اہم فریضہ انجام دیا جس کے کارنامے تاریخ میں یادگار رہیں گے۔ دہلی آنے کے تقریباً ایک سال بعد ۱۱۶۱ھ میں آپ پاک پتن شریف حضرت بابا صاحبؒ کی زیارت کے لیے روانہ ہُوئے۔ شریکِ سفر قبلۂ عالم حضرت خواجہ نور محمد صاحب مہارویؒ اور شیدی قاسم خادم تھے۔ ایک گھوڑا کرایے پر لیا۔ خود پیدل چلتے تھے اور گھوڑے پر ماندہ مسافروں کو بٹھاتے رہتے تھے۔ جس عقیدت و محبّت کے ساتھ یہ سفر طے ہوا وُہ اپنی مثال آپ ہے۔ کئی سو میل کی مُسافت حضرت نے پیادہ پا طے کی۔ ذوق و شوق کا یہ عالم تھا کہ دن بھر چلتے رہتے تھے۔ پیروں میں آبلے پڑ گئے تھے مگر سفر جاری تھا جب بالکل مجبور ہو جاتے تو ٹھہرتے۔ چھالوں پر مہندی لگاتے، ابھی مکمّل آرام نہ ہونے پاتا تھا کہ پھر سفر شروع ہو جاتا تھا۔ راستہ میں (غالباً قصور سے) آپ نے بہ اشارہ حضرت داتا صاحبؒ بہت سے کشمیری سیب خرید کیے۔ جُوں جُوں پاک پتن شریف قریب آتا جاتا تھا اشتیاق بڑھتا جاتا تھا۔ پاک پتن شریف کے قریب ایک گاؤں میں رات گزارنے کے لیے ٹھہرے۔ صُبح ہوئی تو حضرت قبلہ نورِ محمدؒ نے اپنے مُرشد کو نہ پایا۔ تلاش کیا تو نعلین مُبارک پڑی ہوئی ملیں۔ بہت تشویش ہوئی۔ آخر پتہ لگا کہ حضرت پاک پتن پہنچ گئے ہیں اور حضرت بابا صاحبؒ کے احترام میں ننگے پاؤں یہ راستہ طے کیا ہے۔ اس وقت آستانہ حضرت بابا صاحبؒ کے سجّادہ نشین دیوان شیخ محمد یوسف صاحبؒ تھے جو سخت بیماری کے سبب نہایت کمزور ہو گئے تھے اور اُن کو کشمیری سیبوں کی ضرورت تھی۔ جیسے ہی مولانا صاحبؒ سجّادہ نشین صاحبؒ سے ملے اور سیب نذر کیے تو وُہ بہت خوش ہُوئے اور بڑی عقیدت و محبّت سے پیش آئے۔ حضرت مولانا نے جناب بابا صاحبؒ کے مزار پاک کے قریب کوٹھڑی میں (جس کو اب قدم شریف کہا جاتا ہے) اعتکاف کیا۔ یہاں حضرت دِن رات میں ایک ہزار رکعت نفل پڑھا کرتے تھے اور اسی جگہ یہ رسالہ عقائدِ نظامیہ تحریر فرمایا تھا۔ اِسلامی تاریخ کے مطالعہ سے یہ بات بخوبی واضح ہو جاتی ہے کہ ہر دور میں اللہ تعالےٰ دینِ حنیف کی حفاظت و اشاعت کے لیے

اِفتتاحیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ ۔ یہ رسالہ نظام العقائد عرف عقائد نظامیہ قدوۃ السالکین رئیس العارفین محبّ النبی سیدنا و مولانا حضرت محمد فخر الدین چشتی نظامی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے۔ عقائد کی تصحیح کے لیے ہر مسلمان مکلف ہے کیونکہ عقیدہ کی درستی اور صحت کے بغیر کوئی عبادت مقبول اور ریاضت موجب ثواب نہیں ہوتی لیکن افسوس اِس بات کا ہے کہ عام طور پر لوگ یا تو ناواقفیت کی بنا پر یا دُنیاوی مصروفیات کی کثرت کے سبب یا مغربی تعلیم کے مُلحدانہ اثر سے یا علمائے اختلافات کی وجہ سے متنفر ہو کر مذہب سے بے اعتنا اور آخرت کی تیاری سے بے پرواہ ہوتے جارہے ہیں اسی لیے وُہ عقائد کی درستی اور صحت کی طرف کماحقہٗ متوجہ نہیں ہیں حالانکہ یہ نہایت ضروری چیز ہے اور اسی اہمیت کے پیشِ نظر یہ رسالہ شائع کیا جارہا ہے۔ یہ رسالہ عقائدِ نظامیہ حضرت مولانا موصُوف نے جناب دیوان شیخ محمد یُوسف صاحبؒ سجّادہ نشین آستانہ حضرت بابا صاحب علیہ الرحمۃ اور چند پیرزادگان کے اصرار پر پاک پتن شریف ہی میں تحریر فرمایا تھا۔ یہ ۱۳۳۲ھ میں [illegible] مولانا مولوی سیّد دوست محمد صاحب چشتی نظامی صابری [illegible] ہمیشہ [illegible] نے اس کا [illegible] دو ترجمہ [illegible] چھپوایا اب راقم الحروف مرشدی و مولائی حضرت میاں علی محمد خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ کے ارشاد پر اصل نسخہ اُسی ترجمہ کے ساتھ ہدیۂ ناظرین کر رہا ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مصنّف رسالہ حضرت مولانا ممدُوح کے کچھ حالات بھی تحریر کر دیئے جائیں۔

حضرت مولانا کا اِسمِ گرامی محمد فخر الدینؒ تھا۔ آپ حضرت شاہ نظام الدینؒ اورنگ آبادی کے فرزند رشید ہیں آپ کی پیدائش ۱۱۲۶ھ میں اورنگ آباد میں ہُوئی وقت کی قابل ترین ہستیوں نے آپ کی تعلیم میں حصّہ لیا اپنے والد ماجد سے بیعت ہُوئے۔ اور باطنی تکمیل کے بعد زیب دہ سجّادۂ چشت اور مجدّدِ سلسلہ قرار پائے محبّ النبی کا لقب آپ کو سُلطان الہند حضرت خواجہ بزرگ اجمیریؒ نے عنایت فرمایا تھا اور حضرت خواجہ صاحبؒ ہی کے حکم سے آپ دکن سے دہلی آئے تھے اور اجمیری دروازہ کے باہر غازی الدین خاں کے مدرسہ میں درس و تدریس کا سلسلہ

آپ کی عادتِ شریفہ تھی کہ غریبوں کی دعوت قبول فرما لیتے تھے اَور اگرچہ صاحبِ دعوت کا مکان دُور ہی کیوں نہ ہوتا مگر ضرور تشریف لے جاتے۔ اگر کھانے کی رغبت نہ ہوتی تب بھی اخلاقاً دو چار لقمے تناول فرما لیتے۔ ایک مرتبہ ایک شخص نے حضرت مظہر جانِ جاناںؒ اَور شاہ ولی اللہؒ اَور مولانا صاحبؒ کی دعوت کر دی۔ تینوں حضرات وقت مقرّرہ پر اُس کے ہاں گئے۔ بہت دیر کے بعد وُہ شخص زنان خانہ سے باہر آیا اَور پھر اندر چلا گیا۔ پھر کافی دیر کے بعد آیا اَور کہا میں بھُول گیا تھا۔ مجھے آپ کی دعوت یاد ہی نہ رہی تھی اِس لیے کوئی اِنتظام نہ کر سکا لہذا یہ دو دو پیسے آپ صاحبان لے لیں اَور کھانا بازار سے کھا لیں۔ یہ سُن کر حضرت مظہر جانِ جاناںؒ نے فرمایا تم نے ہم کو سخت اذیّت پہنچائی۔ شاہ ولی اللہؒ نے خاموشی سے پیسے لے لیے مگر حضرت مولانا صاحبؒ نے کھڑے ہو کر نہایت خندہ پیشانی سے وُہ پیسے لیے۔ آپ تمام کاموں میں سُنّتِ نبویؐ کے پابند تھے اَور ہر شخص کو سنتِ نبویؐ کی اِتباع کی تاکید فرماتے رہتے تھے۔

اپنے دوستوں احباب اَور مریدین کی خاص خبر رکھتے تھے۔ اگر ہمیشہ آنے والا ایک دو روز نہ آتا تو خود کسی کے ذریعہ اس کی خبر منگواتے تھے۔ ایک مرتبہ پیر اخاکروب دو دن نہیں آیا پوچھنے پر معلوم ہوا کہ بیمار ہے۔ یہ سُنتے ہی کھڑے ہو گئے۔ اُس کے گھر تشریف لے گئے۔ کچھ رقم خرچ کے لِیے اس کو دی۔ پھر فرمایا میاں پیر محمدؐ تم دو دن نہیں آئے۔ دریافت پر معلوم ہوا کہ بیمار ہو تمہاری خیریت معلوم کرنے میں تاخیر ہوئی معاف کرنا۔

آپ ہمیشہ لوگوں سے گفتگو کرتے وقت ان کو حضرت یا صاحب کہہ کر مخاطب فرماتے تھے۔ سوتے وقت کتاب فوائد الفواد سینے یا سر کے نزدیک رکھتے تھے۔ دوستوں کی غم خواری اَور پرورش میں کوشش بلیغ فرماتے تھے۔ رمضان شریف میں تمام رات بیدار رہتے تھے اَور سب ہمراہیوں کی قہوہ، شکر، دُودھ سے ضیافت کرتے تھے۔ سیّدوں، پیرزادوں اَور سفید پوش شرفاء کو چپکے چپکے بہت کچھ دیتے رہتے تھے۔ بھکاریوں کو دو پیسے سے زیادہ نہ دیتے اَور فرماتے تھے کہ یہ تو در در مانگ کر بھی اپنا خرچہ پُورا کر لیں گے۔ مگر یہ غریب شرفاء مانگ بھی نہیں سکتے۔ یہ زیادہ کے مستحق ہیں۔ غرضیکہ آپ کی ذاتِ گرامی سے یہ بات پُوری طرح واضح ہو گئی تھی کہ رسُولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اخلاقِ کریمہ کا عملی نمونہ اس زمانے میں حضرت مولانا صاحبؒ

ایسے افرادِ صالحہ پیدا فرماتا رہا ہے جن کی کوششوں سے شمعِ اسلام روشن رہی ہے۔ انہیں گرامی قدر ہستیوں میں حضرت مولانا صاحب بھی شامل ہیں۔ بارھویں صدی ہجری میں ہندی مسلمانوں پر جو مایوسی اور بے عملی کی گھٹا ٹوپ تاریکی چھائی ہوئی تھی وُہ حضرت مولانا صاحبؒ کی ذاتِ بابرکت سے دُور ہوئی اور رُشد و ہدایت کی ایسی شمع روشن ہوئی جس نے پُورے ہندوستان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ خصوصاً چشتیہ نظامیہ سلسلے میں بہار آگئی اور بقول صاحب ؒ مناقبِ فخریہ حضرت سُلطان المشائخ محبُوبِ الٰہی والے عرفان کا چراغ حضرت مولانا صاحبؒ نے اپنی دِلی توجّہ سے اِس مُلک میں پھر روشن کر دیا اور آپ کی گرمیٔ نگاہ سے عِشق و محبّت کی شراب میں دوبارہ جوش آگیا۔ آپ کے اخلاق کی گیرائی کا یہ عالم تھا کہ چھوٹا بڑا امیر غریب، سب آپ کے شیدائی تھے۔ آپ ہر آنے والے کی تعظیم کے لیے کھڑے ہو جاتے تھے۔ یہاں تک کہ شدید بیماری میں بھی آپ اس کو ترک نہ کرتے تھے۔ دہلی میں اس وقت امیر الامرا نجف خاں کا بہت زور تھا اُسی کے اشارے پر فولاد خاں نے حضرت مظہر جانِ جاناں کو شہید کیا تھا اور پھر اس گروہ کے چند آدمی یہ کہتے سُنے گئے تھے کہ سُنّیوں کے ایک پیشوا کو تو قتل کیا جا چکا ہے اب جو سب سے بڑا ہے اس کا نمبر ہے۔ یہ سُن کر حضرت کے غلاموں نے آپ کی حفاظت کا پروگرام بنایا۔ جب آپ کو معلوم ہوا تو آپ نے اِس بات کو پسند نہ کیا اور فرمایا ہماری فکر نہ کرو۔ ہمارا حافظ و ناصر اللہ تعالٰے ہے ہم اُس کی حفاظت و پناہ میں ہیں۔ ایک روز مولانا صاحب اپنے مدرسے میں بیٹھے ہُوئے تھے کہ ایک پٹھان چھری لے کر مدعیانہ آیا۔ سلام کے بعد پُوچھا کہ مولوی صاحب اِس فضیلت کے باوجود تم گانا کیوں سُنتے ہو۔ حضرت نے فرمایا ہم خطاوار ہیں تم ہمارے لیے دُعائے خیر کرو۔ یہ سُن کر اس نے چھُری نکالی اور حضرت پر وار کرنے کے لیے آگے بڑھا۔ حضرت سُلطانؒ جی کے ایک صاحبزادہ موجُود تھے انہوں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ مولانا نے فرمایا اس کا ہاتھ چھوڑ دو اور اپنا سر اس کے آگے جھکا دیا کہ ہم حاضر ہیں جو تمہارا دِل چاہے کرو۔ وُہ شرمندہ ہو کر چلا گیا۔ اسی زمانہ میں شاہ عبدالعزیز محدّث دہلویؒ پر تحفہ اثناعشریہ لِکھنے پر عتاب ہوا۔ حویلی ضبط ہوئی جلاوطنی کا حکم ہوا۔ تمام خاندان دُور تک پیدل گیا۔ آخر حضرت مولانا صاحبؒ ہی نے اُن کے لیے خورد و نوش اور سواری کا انتظام کیا۔ پھر بادشاہ سے کہہ کر اُن کو عِزّت و احترام سے واپس بُلوایا۔

مولانا صاحبؒ کے بہت سے خلفاء ہوئے ہیں۔ جن میں زیادہ مشہور قبلہ عالم حضرت خواجہ نور محمدؒ صاحبؒ مہاروی۔ حضرت شاہ نیاز احمد صاحبؒ بریلوی۔ حضرت مولانا ضیاء الدین صاحبؒ جے پوری اور حضرت حاجی صاحبؒ ہیں۔ یہ نادر و کمیاب رسالہ جو علم عقائد پر بہترین معلومات کا مجموعہ ہے۔ حضرت میاں صاحب کے فیضان سے ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے۔ اس زمانہ میں ہر مُرید کو کم از کم ان عقائد کا علم ہونا ضروری ہے تاکہ آخرت کی تیاری میں پوری توجہ کے ساتھ مشغول ہوا جا سکے۔ خدا کرے کہ یہ کوشش کامیاب و مقبول ہو اور مسلمانوں کو اس سے فائدہ پہنچے آمین وباللہ التوفیق

فقط

خاکپائے درویشاں

سیّد مسلم نظامی عفی عنہٗ

نظامی حجرہ آستانہ حضرت بابا صاحبؒ پاک پتن شریف ضلع منٹگمری

مورخہ ۱۸ جمادی الاوّل ۱۳۸۶ھ مطابق ۴ ستمبر ۱۹۶۶ء

★

ہیں۔ آپ کی توجہ کی برکت سے سینے حقائق سے معمور ہو گئے، مُردہ دِل زندہ ہو گئے، زندہ دِل بسمل بن گئے۔ مسجدیں آباد ہو گئیں۔ خانقاہوں سے ہُو حق کی صدائیں بلند ہونے لگیں حضرت مولانا صاحب کی تصانیف میں تین کتابیں زیادہ مشہور ہیں:-

(۱) نظام العقائد یعنی عقائدِ نظامیہ (۲) رسالہ مرجیہ (۳) رسالہ فخر الحسن

علماء کا بیان ہے کہ یہ تینوں کتابیں آپ کی علمیت اور محققانہ قابلیت کی آئینہ دار ہیں۔

سر سیّد نے لکھا ہے کہ: "یہ رسائل آپ کی علمی مہارت پر دلیل قاطع اور بُرہان ساطع ہیں۔"

مولانا عبد العلی بحر العلوم فرنگی محلی نے جب رسالہ فخر الحسن دیکھا تو فرمایا:-

"حُسنِ اعتقاد کے ساتھ ہم جانتے ہیں کہ جو کچھ بزرگوں نے لکھا ہے حق ہے لیکن یہ تحقیق جو حضرت مولانا صاحبؒ نے کی ہے ہم کو بھی معلوم نہ تھی۔"

حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ نے تفسیرِ عزیزی کے مقدمہ میں حضرت مولانا کو اس طرح یاد کیا ہے:- "برادرِ دینی جوہرِ حق گزینی سالکِ راہِ خدا جوئی ملازم طریقۂ صدق گوئی مقبول جناب مولانا عالی جناب خلائق مآب و بالفضل اولنا فخر الملۃ والدین محمد فخر الدین قدس سرہ الامجد"

بہادر شاہ ظفر آخری مغل تاجدار نے آپ کی جناب میں خراجِ عقیدت اس طرح پیش کیا ہے:-

جس کو حضرتؒ نے کہا الفقر فخری اے ظفر ۔۔۔ فخرِ دیں فخرِ جہاں پر وہ فقیری ختم ہے

اے ظفر کیا بتاؤں تجھ سے کہ جو کچھ ہوں سو ہوں ۔۔۔ لیکن اپنے فخرِ دیں کے کفش برداروں میں ہوں

حضرت مولانا صاحبؒ کا وصال ۷۳ سال کی عمر میں ۲۷ جمادی الآخریٰ ۱۱۹۹ھ کو دہلی میں ہوا۔ اور حضرت خواجہ قطب الاقطاب بختیار کاکیؒ کے آستانۂ عالیہ میں دفن کیے گئے۔

مولانا صاحبؒ کے وصال کے بعد اس مدرسہ میں آپ کے جلیل القدر خلیفہ عالمِ علومِ ربانی حضرت حاجی سیّد لعل محمد رحمۃ اللہ علیہ آپ کے قائم مقام ہوئے۔ مُرشدی و مولائی جامع منقول و معقول حضرت میاں علی محمد خان صاحب متع اللہ المسلمین بطول بقاءہ سجادہ نشین بسی شریف ضلع ہوشیار پور حال آباد پاک پتن شریف حضرت حاجی صاحب قبلہؒ کی شاخ سے تعلق رکھتے ہیں۔ حضرت میاں صاحب اور حضرت مولانا صاحبؒ کے درمیان صرف چار واسطے ہیں حضرت

اِمام اعظم ابُوحنیفہ کوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ باشد بقید قلم بعبارت سہل آرید کہ مُوجب
یاد آوری در جناب فیض اِنتساب ش یعنی حضرت فرید الدینؒ م شود حال آنکہ استطاعۃ خود
از جہت اختلافِ مسائل اِیں قدر نمی یافتم وطاقۃ دہم قبول سوال ایشاں نیز نمی داشتم لہذا
دست بدامن ملکی سمات قدسی صفات ہادی الخلق الی صراط المستقیم مرشد الانام فی مناہج الدین
القویم ش امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ م بواسطۂ فقہ اکبر کہ تالیف امام اکبر است رَضِیَ اللّٰہُ
تَعَالیٰ عَنْہُ درزدم و بعبارت آسان بیان نمودم و ہر مسئلہ را معنوان ش اے پیش گرفتہ ہر
بعقیدہ ساختم تا عوام و خواص از کلامِ امامِ انام کہ بنائے اہل سُنۃ و جماعۃ حنفی است بہرہ یاب
گشتہ اِیں ہیچمدان را، بدعای تبعیت اہل سنۃ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وسلم و خیریت خاتمہ
افتخار بخشند تو لاّ کہ اگر سہوے یا نسیانے بنظر آید بمقتضائے العفو عند کرام النّاس
ماموول بخشند و اِصلاح فرمایند۔

ترجمہ۔ اِمام اعظم ابُوحنیفہ کوفی رضی اللہ تعالیٰ عَنْہ کے طریق پر ہوں دین آسان عبارت میں
تحریر کر دیں کہ اِس جناب فیض اِنتساب یعنی حضرت باوا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ
میں یاد آوری کا مُوجب رہے۔ حالانکہ مسائل کے اِختلاف کے سبب اِس قدر اپنی اِستطاعت نہیں
پاتا تھا اور نہ ان کے سوال کو نہ مان کر ردّ کرنے کی طاقت رکھتا تھا۔ اِس لیے فرشتہ عادات، قدسی
صفات۔ مخلوق کو سیدھی راہ چلانے والے۔ دین مضبُوط کے راستوں میں لوگوں کے اِرشاد کرنے
والے حضرت اِمام اعظم رحمۃ اللہ کے دامن میں بذریعہ فقہ اکبر کے جو اِمام اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ
کی تالیف و جمع کی ہوئی ہے میں نے ہاتھ مارا۔ اور آسان عبارت میں اس کو بیان کیا۔ اور ہر مسئلہ کا
شروع لفظ عقیدہ سے کیا تاکہ عام و خاص امامِ انام کے کلام سے جو اہل سنت و جماعت حنفی
کی بنا اور اصل ہیں بہرہ یاب ہو کر اس ناچیز کو پیروئ سنتِ نبوی صَلّی اللہ تعالیٰ علیہ و
علیٰ آلہٖ وسلم کی اور خیریتِ خاتمہ کی دُعا کر کے اِفتخار بخشیں۔ اُمید کہ اگر کوئی سہو یا نسیان
نظر میں آجائے تو موافق حکم العفو عند کرام النّاس ماموول یعنی بزرگ لوگوں کے نزدیک معافی
کی امید ہے معاف فرما کر درست کر دیں۔

عقائدِ نظامیہ (دیباچہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حمد بے حد و ثنائی بے عدم خالق و ودود جلّ شانہ را۔ و درود و ثنا محدود و بر محمود کونین رسول الثقلین محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم و بر آل و اصحاب او۔ امّا بعد ہرگاہ ایں مؤلفِ بے بضاعتہ محمد فخر الدین کہ تولید صوری) ومعنوی از رئیس السالکین شیخ المشائخ تاج الواصلین فخر العاشقین حضرت نظام الدین اورنگ آبادی قدّس سرّہ العزیز دارد۔ برائے زیارت قدوۃ العارفین حریق المحبۃ شیخ الاسلام والمسلمین حضرت مخدوم فریدالدّین شکر بار مسعود الاجودھنی اَیّدَنِی اللّٰہ بلطفہ الخفی والجلی کہ در حقِ طالبانِ حق کبریتِ احمر است از اورنگ آباد خجستہ بنیاد بحضرت پاک پٹن رسید بہرہ یاب سعادت جناب ہدایت مآب گشت اکثر اعزۂ آنحضرت از راہِ کرم وعنایت فرمودند کہ عقائد اہل سُنتہ وجماعۃ کہ نہج قدوہ انام

ترجمہ دیباچہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تعریف جس کا پار نہ ہو اور ثنا جس کا شمار نہ ہو خاص خالق و ودود جلّ شانہ کو یعنی پیدا کرنے والے کو کہ دوست و مہربان ہے، اور اس کی بہت بڑی شان ہے اور بے حد درود محمود کونین یعنی دونو جہان کے سراہے ہوئے پر اور رسول الثقلین یعنی جن و انسان ہر دو مخلوق کے لیے بھیجے ہوئے پر کہ نام پاک آپ کا محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم ہے اور آپ کی آل و اصحاب پر ہو جیو اُس کے بعد بیان ہے کہ جب یہ مؤلفِ بے مایہ محمد فخر الدین جن کی ظاہری اور باطنی پیدائش رئیس السالکین شیخ المشائخ تاج الواصلین فخر العاشقین حضرت نظام الدین اورنگ آبادی قدس سرّہ العزیز سے ہوئی ہے زیارت کے لیے قدوۃ العارفین حریق المحبۃ شیخ الاسلام والمسلمین حضرت مخدوم فریدالدین شکر بار مسعود اجودھنی کی (خدائے برتر اُن کے لطفِ خفی وجلی سے میری مدد کرے) کہ یہ زیارت حق کے طلبگاروں کے حق میں کبریتِ احمر یعنی اکسیر ہے۔ اورنگ آباد خجستہ بنیاد سے درگاہ پاک پٹن میں پہنچ کر اس جناب ہدایت مآب کی سعادت سے بہرہ یاب ہوا۔ اس آستانہ کے اکثر اعزہ نے کرم وعنایت کی راہ سے فرمایا کہ اہل سنتہ وجماعۃ کے عقیدے جو خلق کے پیشوا

آپ کی عادتِ شریفہ تھی کہ غریبوں کی دعوت قبول فرمالیتے تھے اُور اگرچہ صاحب دعوت کا مکان دُور ہی کیوں نہ ہوتا مگر ضرور تشریف لے جاتے۔ اگر کھانے کی رغبت نہ ہوتی تب بھی اخلاقاً دو چار لقمے تناول فرمالیتے۔ ایک مرتبہ ایک شخص نے حضرت مظہر جانِ جاناںؒ اُور شاہ ولی اللہؒ اُور مولانا صاحبؒ کی دعوت کردی۔ تینوں حضرات وقت مقرّرہ پر اُس کے ہاں گئے۔ بہت دیر کے بعد وُہ شخص زنان خانہ سے باہر آیا اُور پھر اندر چلا گیا۔ پھر کافی دیر کے بعد آیا اُور کہا میں بھُول گیا تھا۔ مجھے آپ کی دعوت یاد ہی نہ رہی تھی اِس لیے کوئی اِنتظام نہ کرسکا لہٰذا یہ دو دو پیسے آپ صاحبان لے لیں اُور کھانا بازار سے کھالیں۔ یہ سُن کر حضرت مظہر جانِ جاناںؒ نے فرمایا تم نے ہم کو سخت اذیّت پہنچائی۔ شاہ ولی اللہؒ نے خاموشی سے پیسے لے لیے مگر حضرت مولانا صاحبؒ نے کھڑے ہوکر نہایت خندہ پیشانی سے دُہ پیسے لیے۔ آپ تمام کاموں میں سُنّتِ نبویؐ کے پابند تھے اُور ہر شخص کو سنتِ نبویؐ کی اِتباع کی تاکید فرماتے رہتے تھے۔

اپنے دوستوں احباب اُور مریدین کی خاص خبر رکھتے تھے۔ اگر ہمیشہ آنے والا ایک دو روز نہ آتا تو خود کسی کے ذریعہ اس کی خبر منگواتے تھے۔ ایک مرتبہ پیر اخاکروب دو دن نہیں آیا پوچھنے پر معلوم ہوا کہ بیمار ہے۔ یہ سُنتے ہی کھڑے ہوگئے۔ اُس کے گھر تشریف لے گئے۔ کچھ رقم خرچ کے لیے اس کو دی۔ پھر فرمایا میاں پیر محمدؐ تم دو دن نہیں آئے۔ دریافت پر معلوم ہوا کہ بیمار ہو تمہاری خیریت معلوم کرنے میں تاخیر ہوئی معاف کرنا۔

آپ ہمیشہ لوگوں سے گفتگو کرتے وقت ان کو حضرت یا صاحب کہہ کر مخاطب فرماتے تھے۔ سوتے وقت کتاب فوائد الفواد سینے یا سر کے نزدیک رکھتے تھے۔ دوستوں کی غم خواری اُور پرُرِش میں کوشش بلیغ فرماتے تھے۔ رمضان شریف میں تمام رات بیدار رہتے تھے اُور سب ہمراہیوں کی قہوہ، شکر، دُودھ سے ضیافت کرتے تھے۔ سیّدوں، پیرزادوں اُور سفید پوش شرفاء کو چپکے چپکے بہت کچھ دیتے رہتے تھے۔ بھکاریوں کو دو پیسے سے زیادہ نہ دیتے اُور فرماتے تھے کہ یہ تو در در مانگ کر بھی اپنا خرچہ پُورا کرلیں گے۔ مگر یہ غریب شرفاء مانگ بھی نہیں سکتے۔ یہ زیادہ کے مستحق ہیں۔ غرضیکہ آپ کی ذاتِ گرامی سے یہ بات پُوری طرح واضح ہوگئی تھی کہ رسُولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے اخلاقِ کریمہ کا عملی نمونہ اس زمانے میں حضرت مولانا صاحبؒ

ایسے افرادِ صالحہ پیدا فرماتا رہا ہے جن کی کوششوں سے شمعِ اسلام روشن رہی ہے۔ انہیں گرامی قدر ہستیوں میں حضرت مولانا صاحب بھی شامل ہیں۔ بارھویں صدی ہجری میں ہندی مسلمانوں پر جو مایوسی اور بے عملی کی گھٹاٹوپ تاریکی چھائی ہوئی تھی وُہ حضرت مولانا صاحبؒ کی ذاتِ بابرکت سے دُور ہوئی اور رُشد و ہدایت کی ایسی شمع روشن ہوئی جس نے پُورے ہندوستان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ خصوصاً چشتیہ نظامیہ سلسلے میں بہار آگئی اور بقول صاحبِ مناقبِ فخریہ حضرت سُلطان المشائخ محبُوبِ الٰہی والے عرفان کا چراغ حضرت مولانا صاحبؒ نے اپنی دِلی توجہ سے اِس ملک میں پھر روشن کردیا اور آپ کی گرمئ نگاہ سے عشق و محبّت کی شراب میں دوبارہ جوش آگیا۔ آپ کے اخلاق کی گیرائی کا یہ عالم تھا کہ چھوٹا بڑا امیر غریب سب آپ کے شیدائی تھے۔ آپ ہر آنے والے کی تعظیم کے لیے کھڑے ہو جاتے تھے۔ یہاں تک کہ شدید بیماری میں بھی آپ اس کو ترک نہ کرتے تھے۔ دہلی میں اس وقت امیر الامرا نجف خاں کا بہت زور تھا اُسی کے اشارے پر فولاد خاں نے حضرت مظہر جانِ جاناں کو شہید کیا تھا اور پھر اس گروہ کے چند آدمی یہ کہتے سُنے گئے تھے کہ سُنّیوں کے ایک پیشوا کو تو قتل کیا جاچکا ہے اب جو سب سے بڑا ہے اس کا نمبر ہے۔ یہ سُن کر حضرت کے غلاموں نے آپ کی حفاظت کا پروگرام بنایا۔ جب آپ کو معلوم ہوا تو آپ نے اِس بات کو پسند نہ کیا اور فرمایا ہماری فکر نہ کرو۔ ہمارا حافظ و ناصر اللہ تعالےٰ ہے ہم اُس کی حفاظت و پناہ میں ہیں۔ ایک روز مولانا صاحب اپنے مدرسے میں بیٹھے ہُوئے تھے کہ ایک پٹھان چھری لے کر مدعیانہ آیا۔ سلام کے بعد پُوچھا کہ مولوی صاحب اس فضیلت کے باوجود تم گانا کیوں سُنتے ہو۔ حضرت نے فرمایا ہم خطاوار ہیں تم ہمارے لیے دُعائے خیر کرو۔ یہ سُن کر اس نے چھُری نکالی اور حضرت پر وار کرنے کے لیے آگے بڑھا۔ حضرت سُلطانؒ جی کے ایک صاحبزادہ موجُود تھے انہوں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ مولانا نے فرمایا اس کا ہاتھ چھوڑ دو اور اپنا سر اس کے آگے جھکا دیا کہ ہم حاضر ہیں جو تمہارا دِل چاہے کرو۔ وُہ شرمندہ ہوکر چلا گیا۔ اسی زمانہ میں شاہ عبدالعزیز محدّث دہلویؒ پر تحفہ اثنا عشریہ لکھنے پر عتاب ہوا۔ حویلی ضبط ہوئی جلاوطنی کا حکم ہوا۔ تمام خاندان دُور تک پیدل گیا۔ آخر حضرت مولانا صاحبؒ ہی نے اُن کے لیے خورد و نوش اور سواری کا انتظام کیا۔ پھر بادشاہ سے کہہ کر اُن کو عِزّت و احترام سے واپس بُلوایا۔

فَقَدْ كَفَرَ ترجمہ گفت نعیم پسر حماد ہر کہ مانند کرد خدا تعالیٰ را بچیزے از خلق او پس تحقیق کفر کرد۔ عقیدہ[۵] ہمیشہ بود در ماضی و ہمیشہ بود در باقی با اسمائے خود و صفات ذاتی و فعلی خود صفات ذاتی او ہفت[۷] اند حیات[۱] و قدرت[۲] و علم[۳] و کلام[۴] و سمع[۵] و بصر[۶] و ارادت[۷]۔ و صفات فعلی او تخلیق و ترزیق و انشاء و ابداع و صنع و غیر آں۔ عقیدہ[۶] اسماء و صفات حق تعالیٰ بہ تمام ہا ازلی اند کہ نیست آنہا را بدایت و ابدی اند کہ نیست آنہا را نہایت۔ عقیدہ[۷] اللہ تعالیٰ عالم است بصفتہ علم ازلی خود و قادر است بقدرتِ خود کہ صفتہ ازلی او ست و متکلم است بکلام نفسی خود کہ صفت او است در ازل۔ و خالق است بہ تخلیقِ خود و فاعل است بفعلِ خود کہ صفت او است در ازل۔ عقیدہ[۸] مفعول مخلوق است و حادث و فعلِ اللہ تعالیٰ غیر مخلوق است و قدیم۔

ترجمہ۔ تو یقینی اس نے کفر کیا۔ عقیدہ[۵] ہمیشہ تھا وہ گذرے ہوئے زمانے میں اور ہمیشہ رہے گا باقی میں بھی اپنے ناموں کے ساتھ اور اپنی ذاتی و فعلی صفتوں کے ساتھ۔ اور اس کی ذاتی صفتیں سات[۷] ہیں یعنی صفت حیات[۱] کہ زندگی ہے۔ اور صفت قدرت[۲] یعنی قادر ہونا اور صفت علم[۳] یعنی جاننا اور صفت کلام[۴] یعنی بولنا اور صفت سمع[۵] یعنی سننا اور صفت بصر[۶] یعنی دیکھنا اور صفت ارادت[۷] یعنی قصد و ارادہ کرنا اور اس کی فعلی صفتیں تخلیق یعنی پیدا کرنا اور ترزیق یعنی رزق دینا اور انشا یعنی مادہ سے بنانا اور ابداع یعنی بغیر مادہ بنانا۔ اور صنع یعنی کاریگری اور اس کے سوائے۔ عقیدہ[۶] خدائے تعالیٰ کے نام اور صفتیں سب کی سب ازلی یعنی ہمیشہ کی ہیں جن کی ابتدا نہیں اور ابدی یعنی ہمیشہ تک ہیں جن کی انتہا نہیں ہے۔ عقیدہ[۷] خدائے برتر عالم یعنی جاننا ہے اپنی صفتِ علم سے جو ازلی ہے۔ اور قادر یعنی صاحب قدرت ہے اپنی صفتِ قدرت سے جو ازلی ہے اور متکلم ہے یعنی کلام کرتا اپنے کلامِ نفسی سے جو اس کے نفس کی صفت ہے ہمیشہ کہ اس کے کلام کرنے کی ابتدا نہیں اور خالق یعنی پیدا کرنے والا ہے اپنی تخلیق یعنی پیدا کرنے کی صفت سے۔ اور فاعل ہے یعنی کرنے والا ہے اپنے فعل سے کہ اس کی صفت ہے جو ہمیشہ سے ہے۔ یہ سب اس کی صفتیں ازلی ہیں لہٰذا وہ ہمیشہ سے عالم قادر خالق فاعل وغیرہ ہے۔ عقیدہ[۸] مفعول مخلوق ہے اور حادث ہے یعنی جس کو خدائے تعالیٰ فاعل حقیقی نے کیا وہ عدم سے وجود میں آکر مفعول بنا پس ضرور ہے کہ خدائے تعالیٰ کے فعل سے وہ پیدا ہو کر مخلوق ہوا اور پہلے نہ تھا۔ پھر وجود میں آیا لہٰذا حادث ہوا۔ البتہ فعل خدا تعالیٰ کا مخلوق نہیں بلکہ اس کی صفت قدیم ہے یعنی عدمین سے فارغ ہے کہ عدم سے وجود میں آنا مخلوق و حادث کی طرح اس کے لئے نہیں ہے بلکہ اوّل و آخر عدم یعنی نہ ہونے سے وہ پاک ہے اور ہمیشہ سے ہمیشہ تک ہے۔ پس غیر مخلوق اور قدیم ہے۔

عقائد

عقیدہ[1] اصل توحید وما یصحُّ الاعتقادُ بہ۔ ترجمہ چیزے کہ صحت می یابد اعتقاد
بآں ـ این است کہ زبان را موافق دل ساختہ بگوید کہ ایمان آوردم بتوحید حق تعالیٰ
در ذات و تفرید در صفات و بملائکہ کہ بندہ ہائے حق تعالیٰ اند و مبرا اند از ذنوب ومعاصی
و منزہ اند از ذکورت و انوثت و بہ کتاب ہائے حق تعالیٰ مثلِ توریت و انجیل و
زبور و قرآن و غیرہا بلا تعیین عدد و بجمیع انبیاء و رسل و بزندگی بعد موت و بآمدنِ
قیامت و بتقدیر خیر و شر از اللہ تعالیٰ یعنی تقرر جمیع مخلوقات بمرتبہ کہ یافتہ می شود ش
بہ نسبت آں بسوئے مرتبہ ہم از حسن و قبح و نفع و ضرر ش ایں ہمہ بیان مرتبہ بصلۃ از بیانیہ ہم بقید
زمان و مکان۔ عقیدہ[2] حساب افعال و ترازوئے اعمال و بہشت و دوزخ و صراط و حوض حق
است۔ عقیدہ[3] حق تعالیٰ واحد است نہ بطریق عدد کہ توہم شود بعد او دیگرے
یعنی کسے او را شریک نیست نہ در ذات و نہ در صفات۔ عقیدہ[4] و مشابہ نیست
او را کسی از مخلوقات قَالَ نُعَیمُ ابنُ حَمَّادٍ مَنْ شَبَّہَ اللہَ بشَیءٍ مِنْ خَلقِہ

ترجمہ عقیدہ[1] توحید کی اصل اور جس سے اعتقاد صحیح ہوتا ہے یہ ہے کہ زبان کو دل کے موافق کرکے یوں
کہے کہ میں[1] ایمان لایا حق تعالیٰ کو ذات میں ایک جاننے پر اور صفات میں یکتا سمجھنے پر اور میں[2] ایمان لایا فرشتوں
پر کہ وہ حق تعالیٰ کے بندے ہیں اور گناہوں اور نافرمانیوں سے بری ہیں اور مرد اور عورت ہونے سے
پاک ہیں اور میں[3] ایمان لایا حق تعالیٰ کی کتابوں پر جیسے توریت اور انجیل اور زبور اور قرآن مجید وغیرہ جن کا شمار
مقرر نہیں اور میں[4] ایمان لایا تمام نبیوں اور رسولوں پر اور میں[5] ایمان لایا مرنے کے بعد زندہ ہونے پر اور میں[6] ایمان
لایا قیامت پر اور میں[7] ایمان لایا خدائے تعالیٰ کی طرف سے نیکی اور بدی کے اندازہ کردینے پر یعنی تمام مخلوقات
کا ایسے مرتبہ میں ٹھہرانا جس میں زمان و مکان کی قید کے ساتھ بھلائی اور برائی اور نفع اور نقصان پایا
جاتا ہے۔ عقیدہ[2] فعلوں[1] کا حساب اور عملوں[2] کی ترازو اور بہشت[3] اور دوزخ[4] اور پل[5] صراط اور حوض[6]
کوثر حق ہے۔ عقیدہ[3] حق تعالیٰ ایک ہے نہ ایسا کہ گنتی کی طرح۔ اس کے بعد دوسرے کا وہم پیدا ہو
یعنی کوئی اس کا شریک نہیں ہے نہ ذات میں اور نہ صفات میں۔ عقیدہ[4] اور اس کا مخلوق سے کوئی مشابہ
نہیں ہے کہ کہا ہے نعیم ابن حماد نے جس نے خدا تعالیٰ کو اس کی مخلوق سے کسی کے ساتھ مشابہ کیا یا تشبیہ
دی کسی چیز کے ساتھ اس کی مخلوق میں سے۔

از جہتہ آنکہ گفتن و نوشتن و خواندن از جملہ افعالِ عباد است و فعل مخلوق مخلوق است عقیدہ ۱۲ قرآن مجید ش اے کلام نفسی ھر غیر مخلوق است و نیست کہ حلول کند در مصاحف و غیر مصاحف بکتابت یا باشارت۔ عقیدہ ۱۳ چیزے کہ ذکر کرد، اللہ تعالیٰ در قرآن مجید از اخبار و آثار حضرت موسیٰ و جمیع انبیاء صلوٰۃ اللہ تعالیٰ علیٰ نبیّنا و علیھم السّلام و از فرعون و ابلیس بتمامہ کلام اللہ تعالیٰ قدیم و غیر مخلوق است۔ عقیدہ ۱۴ کلامِ موسیٰؑ وَلَوْ کَانَ مَعَ رَبِّہٖ و کلام سائر انبیاء و مرسلین و فرشتہائے مقرّبین مخلوق است و حادث۔ عقیدہ ۱۵ قرآن مجید کلامِ حق تعالیٰ است از رُوئے حقیقت نہ از رُوئے مجاز پس قدیم است مانندِ ذاتِ حق تعالیٰ و شنید موسیٰ کلام اللہ تعالیٰ را قَالَ اللہُ تعالیٰ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا

ترجمہ:۔ کلام کرد اللہ تعالیٰ موسیٰؑ را کلام کردن۔

ترجمہ۔ اِس لئے کہ کہنا اور لکھنا اور پڑھنا یہ سب بندوں کے افعال ہیں اور مخلوق کا فعل مخلوق ہے۔ عقیدہ ۱۲۔ قرآن مجید یعنی کلامِ نفسی خدائے تعالیٰ کا غیر مخلوق ہے۔ اور ایسا نہیں ہے مصحفوں یعنی کتابوں میں اور غیر مصحفوں یعنی دلوں میں یا زبانوں پر حلول کر جاوے یعنی سما جاوے خواہ لکھ کر ہو یا اشارہ سے ہو۔ عقیدہ ۱۳ جو کچھ خدائے تعالیٰ نے قرآن مجید میں ذکر کیا خبروں کی نسبت اور حضرت موسیٰ اور تمام انبیاء صلوٰۃ اللہ علیٰ نبیّنا و علیہم السّلام کے آثار کی نسبت اور فرعون اور ابلیس کی نسبت وُہ سارا کا سارا خدائے تعالیٰ کا کلام قدیم اور غیر مخلوق ہے۔ عقیدہ ۱۴ کلام موسیٰ علیہ السّلام کا اگرچہ اپنے ربّ کے ساتھ تھا اور کلام تمام نبیوں اور رسُولوں کا اور اُن فرشتوں کا جو خدائے تعالیٰ کے مقرّب ہیں مخلوق اور حادث ہے۔ عقیدہ ۱۵۔ قرآن مجید حقیقت میں حق تعالیٰ کا کلام ہے نہ مجازی طور پر پس قدیم ہے حق تعالیٰ کی ذات کی طرح اور سُنا ہے موسیٰ علیہ السّلام نے خدائے تعالیٰ کے کلام کو جیسا فرمایا خدائے تعالےٰ نے كَلَّمَ اللّٰهُ الخ یعنی خدائے تعالیٰ نے کلام کیا موسےٰؑ سے کلام کرنا۔

عقیدہ۹۔ صفات حق تعالیٰ ازلی اند غیر حادث و نہ مخلوق ؛ پس ہر کہ گفت صفاتِ حق تعالےٰ مخلوق اند یا حادث یا توقف کرد یا شک کرد دریں مسئلہ برابر است کہ طرفین او مستوی باشند یا ترجیح دہد یک طرف را پس کافر است۔ عقیدہ۱۰۔ قرآن مجید ش دریں جا از قرآن مجید کلامِ نفسی مراد است از شرح فقہ اکبر ملّا علیؒ۔ ہر کہ شانِ او از ہمہ بزرگ است در مصاحف مکتوب است بدست ہا بواسطہ نقوش حروف و اشکالِ کلمات در دلہا محفوظ است نزدیک تصوّرِ مغیبات ش آنچہ غائب باشند و شاید کہ ایں لفظ مغیات باشد ھ بالفاظِ متخیلات و برزبانہا مقرو است از حروفِ ملفوظ کہ مسموع می شود و بر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہٖ وسلم منزل است بواسطہ حروفِ مفردات و مرکبات در حالاتِ مختلفات۔ عقیدہ۱۱۔ تلفظِ ما بقرآن مجید مخلوق است و کتاب ہائے ما قرآن مجید را و خواندنہائے ش شاید کہ بجائے لفظ خواندنہا لفظ حِفظ باشد از شرح فقہ اکبر ملا علی ھ ما قرآن شریف را مخلوق است

ترجمہ۔ عقیدہ۹ حق تعالیٰ کی صفتیں سب ازلی ہیں۔ حادث اور مخلوق نہیں ہیں تو جس نے کہا کہ حق تعالیٰ کی صفتیں مخلوق ہیں یا حادث ہیں۔ یا اِس مسئلہ میں توقف کیا یا شک کیا خواہ حالتِ شک میں اس کے شک کی دونوں طرفیں برابر ہوں۔ ہاں اور نہیں کہنے میں یا شک کی ایک طرف کو ترجیح دیتا ہو حادث کے ہاں یا نہیں کہنے میں تو وُہ کافر ہے۔ عقیدہ۱۰ قرآن مجید کہ اس سے مراد یہاں کلامِ نفسی خدائے تعالیٰ ہے جیسا شرح فقہ اکبر ملا علی قاری میں ہے اس کی شان سب سے بڑی ہے کتابوں میں ہاتھوں سے لکھا گیا ہے نقوش حروف کے واسطہ سے کلموں کی صورتوں میں اور دلوں میں حِفظ کیا گیا ہے غائب چیزوں کا تصوّر کر کے یا معنی دار کا تصوّر کر کے خیالی لفظوں میں اور زبانوں پر پڑھا جاتا ہے۔ انہیں خیالی لفظوں کے حروف کے ذریعہ سے کہ سُننے میں آتا ہے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم پر مختلف حالتوں اور وقتوں میں مفرد اور مرکّب حرفوں کے وسیلہ سے اتارا گیا ہے اور نازل ہوا ہے۔ عقیدہ۱۱۔ ہمارا تلفّظ یعنی لفظ کر کے بولنا قرآن مجید کو مخلوق ہے۔ اور ہمارا لکھنا قرآن مجید کو اور ہمارا پڑھنا یا حِفظ کرنا جیسا شرح فقہ اکبر ملا علیؒ قاری میں ہے۔ قرآن شریف کو مخلوق ہے۔

عقیدہ ٢٢ می بیند اللہ تعالیٰ نہ مانندِ دیدنِ ما و می شنود نہ مانندِ شنیدنِ ما زیرا کہ ما می بینیم اشکال ہا و رنگ ہائے مختلفہ را و می شنویم آواز کلمات موتلفہ را با آلاتے کہ پیدا کردہ شدہ است در اعضائے مرکّب و حق تعالیٰ می بیند اشکال والوان و صُوَرِ مختلفہ را بنظرِ اصلی خود۔ و می شنود آوازہا را و کلماتِ مفردات و مرکّبات را بسمعِ خود کہ صفتِ ازلی اوست بدون آلات و بے مشارکت دیگری از کائنات اگرچہ مرئی و مسموع از حادث است۔ عقیدہ ٢٣ می گوید حق تعالیٰ نہ مانندِ کلامِ ما زیرا کہ ما کلام می کنیم از حلق و زبان و لب و دندان و حروف و اللہ تعالیٰ کلام می کند بدون واسطۂ آلات و حروف از کمالِ ذات و صفاتِ خود۔ عقیدہ ٢٤ حروف مخلوق است مانندِ آلات و کلام اللہ تعالیٰ نامخلوق است و قدیم است بذات۔ عقیدہ ٢٥ اللہ تعالیٰ و تبارک شئے است یعنی موجود است بذات و صفات و نیست مثلِ اشیاء مخلوقہ از رُوئے ذات و صفات و معنی بُودنِ حق تعالیٰ شئے نہ مانندِ اشیاء است۔

ترجمہ۔ عقیدہ ٢٢۔ خدائے تعالیٰ دیکھتا ہے نہ ہمارے دیکھنے کی مانند اور سُنتا ہے نہ ہمارے سننے کی مانند کیونکہ ہم دیکھتے ہیں شکلوں اور مختلف رنگوں کو۔ اور ہم سُنتے ہیں جڑے ہوئے کلموں والی آواز کو آلوں سے جو اعضائے مرکّب یعنی آنکھ، کان مُنہ میں پیدا کئے گئے ہیں اور حق تعالیٰ دیکھتا ہے شکلوں اور رنگوں اور مختلف صُورتوں کو اپنی اصلی دائمی نظر سے اور سُنتا ہے آوازوں کو اور مفرد اور مرکّب کلموں کو اپنی سماعت سے کہ اس کی ازلی صفت ہے بغیر آلوں کے اور کائنات و مخلوقات میں بغیر کسی مشارکت کے اگرچہ دیکھی ہوئی اور سُنی ہوئی اشیاء حادث مخلوق ہیں سے ہیں عقیدہ ٢٣۔ حق تعالیٰ کہتا ہے نہ ہمارے کلام کی مانند کیونکہ ہم کلام کرتے ہیں حلق اور زبان اور ہونٹ اور دانت اور حروف سے اور خدائے تعالیٰ کلام کرتا ہے بغیر وسیلہ آلوں کے اور حروف کے اپنی ذات اور صفات کے کمال سے۔ عقیدہ ٢٤۔ حروف مخلوق ہیں آلوں کی طرح اور خدائے تعالیٰ کا کلام مخلوق نہیں ہے بلکہ قدیم ہے ذات کے ساتھ یعنی ذاتی صفت ہے کہ مع ذات قدیم ہے عقیدہ ٢٥۔ خدائے برتر اور صاحب برکت شئے ہے یعنی موجود ہے ذات وصفات کے ساتھ اور مخلوقہ چیزوں کے مانند نہیں ہے ذات وصفات کی رُو سے بلکہ معنی حق تعالےٰ کے شئے ہونے کے اشیاء کی مانند نہیں ہیں۔

عقیدہ[۱۶] تحقیق بُود اللہ تعالےٰ متکلم در ازل و نہ بُود کلام با مُوسیٰؑ بل اصل مُوسیٰؑ۔
عقیدہ[۱۷] تحقیق بُود اللہ تعالیٰ خالق در ازل پیش از پیدا کردنِ خلق عقیدہ[۱۸] ہر
گاہ کلام کرد اللہ تعالیٰ با مُوسیٰ کلام کرد اللہ تعالیٰ موسیٰ را بکلام قدیم نو د کہ
حق تعالیٰ را قبل از خلقت مُوسیٰ بود عقیدہ[۱۹] صفات حق تعالےٰ بتمامہا واقع اند۔
بخلافِ صفات مخلوقین کہ صفاتِ ایشاں بہیچ وجہ مشابہ آنجناب منزّہ نیستند اگرچہ
اشتراک اِسمی واقع است عقیدہ[۲۰] اللہ تعالیٰ میداند حقائق اشیاء را و کلیاتِ
اشیاء را و جزئیاتِ اشیاء را و ظاہرِ اشیاء را و باطنِ اشیاء را بعلمِ
ذاتی کہ ازلی است و ابدی است نہ مانندِ علمِ ما زیرا کہ ما میدانیم اشیاء را بآلات
و تصوّر صُورت ہائے کہ در ذہن ہا موافق فہم ہائے ما حاصل آید۔ عقیدہ[۲۱] قادر است
اللہ تعالیٰ نہ مانندِ قدرتِ ما زیرا کہ قدرتِ او قدیم است بدون آلات و بدونِ مشارکت
و ما مخلوقان قادر نیستیم مگر بر بعضی اشیاء آں ہم بآلات و مددگار۔

ترجمہ۔ عقیدہ[۱۶]۔ بے شک خدائے تعالیٰ متکلم تھا ازل میں اور یہ کلام موسیٰ علیہ السلام کے
ساتھ نہ تھا بلکہ اصل مُوسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھا۔ عقیدہ[۱۷] بے شک خدائے تعالیٰ خالق تھا
ازل میں مخلوق کے پیدا کرنے سے پہلے۔ عقیدہ[۱۸] جب خدائے تعالیٰ نے مُوسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا تو اپنے
کلام قدیم کے ساتھ خدائے تعالیٰ نے کلام کیا کہ وُہ کلام قدیم حق تعالیٰ کا موسیٰ علیہ السلام کی خلقت سے
پہلے کا تھا۔ عقیدہ[۱۹]۔ حق تعالیٰ کی ساری صفتیں مخلوقات کی صفتوں کے برخلاف واقع ہوئی ہیں کہ ان کی
صفتیں کسی وجہ میں اس جناب پاک کے مشابہ نہیں ہیں اگرچہ اِسمی یعنی فقط نام کا اشتراک واقع ہے۔
عقیدہ[۲۰] خدائے تعالیٰ جانتا ہے چیزوں کی حقیقتوں کو اور ان کی کلیات کو اور ان کی جزئیات کو
اور ان کے ظاہر کو اور ان کے باطن کو علم ذاتی سے جو ازلی اور ابدی ہے نہ ہمارے جاننے کی مانند
کیونکہ ہم چیزوں کو جانتے ہیں اپنے حواس کے آلوں اور صورتوں کے تصوّر کرنے سے جو موافق ہمارے
فہموں کے ذہنوں میں آتی ہیں۔ عقیدہ[۲۱]۔ خدائے تعالیٰ قادر ہے نہ ہماری قدرت کی طرح کیونکہ اس کی
قدرت قدیم ہے بدون آلوں کے اور بدون مشارکت کے کہ اس کو ان کی احتیاج نہیں۔ بخلاف
ہمارے کہ ہم مخلوق قادر نہیں ہیں مگر بعض چیزوں پر وُہ بھی آلوں کے وسیلہ سے اور مددگاروں کی امداد سے

ونمیدانم آنچہ در نفسِ تست و برائے او تعالیٰ صفات بےچگون ھستند یعنی کیفیّاتِ صفات غیر معلوم اند۔ عقیدہ۲۸ نباید گفت در مقامِ تاویل چنانچہ بعض خلف کہ مخالف سلف اند میگویند کہ عبارت از یدؔ قدرت است یا نعمتِ حق است زیراکہ در تاویل ابطال صفتۃ حق است و آں قول اہل قدر و اہلِ اعتزال است ولیکن یدؔ حق صفتِ حق است بلاکیف کہ مانمی شناسیم کیفیتِ ید او راکہ صفتِ او است چنانچہ عاجزیم در معرفتہ کنہ بقیہ صفات او فضلاً عن معرفتہ ذاتہ عقیدہ۲۹ غضب حق تعالیٰ و رضائے او دو صفتہ اند از صفات او لیکن بلاکیف عقیدہ۳۰۔ پیدا کرد حق تعالیٰ اشیاء را بغیر مادہ کہ سابق باشد بر مخلوقات چنانچہ اللہ تعالیٰ در قرآن مجید فرمودہ است خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ۔ ترجمہ۔ پیدا کنندہ ہر چیز است۔

ترجمہ۔ اور جو تیرے جی میں ہے وُہ میں نہیں جانتا اور خدائے تعالیٰ کی صفتیں بلاکیف ہیں یعنی بدون اس کے کہ کیونکر اور کیسی ہیں اس لئے کہ کیفیّات صفات معلوم نہیں ہیں اور نہ ہوسکتی ہیں کیونکہ محدود بے حد کو حد میں نہیں لاسکتا اور بغیر احاطہ کئے کیفیّت وحقیقت نہیں جانی جاسکتی پس ازلی و ابدی صفات کی کیفیّات ان کے قدیم و دائم ہونے کے سبب کوئی مخلوق حادث جو حد میں محدُود ہے نہیں جان سکتا۔ ناچار اس کے بلاکیف ہونے پر ایمان و اعتقاد لائے گا۔ عقیدہ۲۸۔ مذکورہ بالا صفات و الفاظ کی تاویل کرکے یُوں نہ کہنا چاہیئے جیسا پچھلے جو اگلوں کے مخالف ہیں کہتے ہیں کہ یدؔ سے مراد قدرت ہے یا نعمتِ حق ہے اس لئے کہ تاویل کی صورت میں صفتِ حق کا باطل کرنا ہے حالانکہ مثل صفتِ قدرت یہ بھی ایک صفتِ حق ہے اور یہ قول تاویل قدریہ اور معتزلہ کا ہے اور نہ ہم اس کو مثل مخلوق کے ہاتھ کے جانتے ہیں ولیکن یدِ حق صفتِ حق ہے بلاکیف کہ ہم اس یدؔ کی کیفیّت کو جو خُدا کی صفت ہے نہیں پہچانتے ہیں جیسا کہ اس کی باقی صفات کی کُنہ اور حقیقۃ کی معرفت میں ہم عاجز ہیں بلکہ اس سے بڑھ کر اسی طرح ذاتؔ کی معرفت سے بھی ہم عاجز ہیں لہٰذا اس کو بلاکیف ایک صفتِ حق جانتے ہیں۔ عقیدہ۲۹۔ حق تعالیٰ کا غضبؔ اور اس کی رضا یہ بھی اس کی صفات میں سے دو صفتیں ہیں لیکن بلاکیف۔ عقیدہ۳۰۔ حق تعالیٰ نے اشیاء کو پیدا کیا بغیر مادہ کے کہ مخلوقات پر پہلے سے ہووے یعنی اشیاؔ کے پیدا کرنے سے پہلے کوئی مادّہ نہ تھا جس سے مخلوق کو بنایا بلکہ بغیر مادّہ کے اشیاء کو پیدا کیا جیسا خدائے تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ یعنی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔

اثبات وجود ذات حق تعالیٰ بغیر جسم و بغیر عرض و جوہر است۔ چنانچہ اشیا صاحب جسم اند و عرض اند و جوہر۔ و حق تعالیٰ از ہمہ منزّہ است وَ لَا شَرِیْکَ لَہٗ در ذات و در جمیع صفات۔ عقیدہ ۲۶ نیست حد و نہایت حق تعالیٰ را و نیست ضد و منازع و ممانع در بدایت نہ در نہایت و نیست شبیہ مر حق تعالیٰ را۔ عقیدہ ۲۷۔ حق تعالیٰ را ید است و وجہ است و نفس است چنانچہ لائق ذاتِ او است مِمَّا ذَکَرَ اللّٰہُ فِی الْقُرْاٰنِ مِنْ ذِکْرِ الْوَجْہِ کقولہ تعالیٰ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ۔ وَالْیَدِ کقولہ تعالیٰ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ والنفس کقولہ تعالیٰ حکَایتاً عَنْ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَام تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَا اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِکَ وَلَہٗ صَفَاتٌ بِلَا کَیْفٍ۔ ترجمہ از آنچہ ذکر کرد اللہ تعالیٰ در قرآن از ذکر وجہ یعنی رو مثل فرمودن او تعالیٰ ہر چیز فانی شونده است مگر روئے او۔ و از ذکر ید یعنی دست مثل فرمودن او تعالیٰ دستِ خدا بر دست ہائے شان است۔ و از ذکرِ نفس مثل فرمودنِ او تعالیٰ حکایتاً از حضرت عیسیٰ علیہ السلام میدانی آنچہ در نفسِ من است۔

ترجمہ۔ ذاتِ حق تعالیٰ کی وجود وہستی کا اثبات بغیر جسم اور بغیر عرض اور جوہر کے ہے جیسا اشیا صاحب جسم اور عرض اور جوہر ہیں اور حق تعالیٰ ان سب سے پاک ہے اس کا ذات میں اور تمام صفات میں کوئی شریک نہیں ہے۔ عقیدہ ۲۶ حق تعالیٰ کی حدا ور انتہا نہیں ہے اور ضد اور منازع یعنی کوئی جھگڑنے والا اور ممانع یعنی کوئی منع کرنے والا اس کا نہیں نہ ابتدا میں نہ انتہا میں۔ اور نہ حق تعالیٰ کے لئے شبیہ وشکل ہے۔ عقیدہ ۲۷ حق تعالیٰ کے ید اور وجہ اور نفس مبارک ہے جیسا اس کی ذات کے لائق ہے۔ اس سبب سے کہ خدائے برتر نے قرآن مجید میں ذکر کیا ہے وجہ یعنی منہ کی نسبت یہ ذکر چنانچہ اس کا قول ہے کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ الخ یعنی ہر شے ہلاک ہونے والی ہے مگر روئے مبارک اس کا۔ اور ید یعنی ہاتھ کی نسبت یہ ذکر جیسا اس کا قول ہے یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ یعنی خدا کا ہاتھ ان کے ہاتھوں کے اوپر ہے۔ اور نفس کی نسبت یہ ذکر جیسا خدا تعالیٰ کا یہ قول کہ عیسیٰ علیہ السلام کی بابت بطور حکایت ہے تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ الخ یعنی تو جانتا ہے جو میرے جی میں ہے۔

بانیکہ خواہد شد چنیں و چنیں موافق قضاء نہ بر وجہ امر زیرا کہ اگر می کرد امر ہماں وقت بوجود می آمد و قضاء و قدر یعنی حکم اجمالی و تفصیلیٔ اوست و مشیت ارادۂ حق تعالیٰ کہ متعلق بآں است ش یعنی موجود حادث ہم صفتِ حق تعالیٰ است در ازل بلا کیف عقیدہ ۳۳ میداند حق تعالیٰ معدوم را در حالتِ عدم آں معدوم و می داند کہ آں معدوم وقت موجود شدن بکدام حال پیدا خواہد شد عقیدہ ۳۴ می داند اللہ تعالیٰ موجود را در حالتِ وجود او و می داند کہ بکدام نہج خواہد بود فناء او عقیدہ ۳۵ می داند حق تعالیٰ قائم را در حالتِ قیامِ او پس ہرگاہ می نشیند قائم می داند حق تعالیٰ اورا قاعد در حال نشستن او از غیر تغیرِ شدن علم او در ازل یعنی علم حق تعالیٰ از نشستن و برخاستن و حیات و ممات و صلوٰۃ و صوم و سائر مقامِ موجود تغیر نمی یابد بایں نہج کہ در ازل نبودہ باشد حالا حادث شدہ باشد بایں قسم ش یعنی بایں قسم اختلاف احوال مذکورہ ہم ولیکن تغیر و اختلافِ احوال از قیام و قعود

ترجمہ۔ کہ اس طرح اور اس طرح قضا کے موافق ہوگا نہ امر کی وجہ پر کیونکہ امر کرتا تو اسی وقت وجود میں آجاتا اور قضا و قدر اس کے حکم ہیں اجمالی اور تفصیلی اور مشیّت کہ حق تعالیٰ کا ارادہ جو موجود حادث کو متعلق ہے یہ صفت حق تعالیٰ کی ہے ازلی بلا کیف۔ عقیدہ ۳۳ حق تعالیٰ جانتا ہے معدوم کو اس معدوم کے نہ ہونے کی حالت میں اور جانتا ہے کہ وہ معدوم موجود ہونے کے وقت کس حال میں پیدا ہوگا۔ عقیدہ ۳۴۔ خدائے تعالیٰ جانتا ہے موجود کو اس کے ہونے کی حالت میں اور جانتا ہے کہ کس طریق سے فنا ہوگا۔ عقیدہ ۳۵۔ حق تعالیٰ جانتا ہے قائم کو اس کے کھڑے ہونے کی حالت میں۔ پھر جب بیٹھتا ہے وہ قائم تو حق تعالےٰ اس کو قاعد جانتا ہے اس کے بیٹھنے کی حالت میں بغیر تغیر ہونے اس کے علم کے ازل میں یعنی علم ازلی حق تعالیٰ کا موجود کے بیٹھنے اور اٹھنے اور زندہ ہونے اور مرنے اور نماز اور روزہ سے اور اس کی ساری جگہ سے تغیر نہیں پاتا ہے اس طرح کہ ازل میں تو نہ ہوا ہووے اب احوال مذکورۂ بالا کے اس قسم کے اختلاف کے سبب حادث ہوا ہووے۔ اور لیکن تغیر اور اختلاف احوال کا بسبب قیام اور قعود۔

حالانکہ خلقت بعض اشیا از مواد منافیٔ عقیدۂ سابق نیست زیراکہ اصل مواد از مخلوق غیرموجود است۔ عقیدۂ ۳۱ بُود اللہ تعالیٰ عالم در ازل باشیاء قبل وجودِ اشیاء در آں حال کہ مقدر کردہ است اشیاء را موافق ارادۂ خود و حکم کردہ مطابق علمِ خود در اشیاء پس علم اللہ تعالیٰ قدیم است وبعض متعلقاتِ آں علم حادث است چنانچہ نصِ صریح دال اوست وَلَا یَعزُبُ عَنہُ مِثقَالُ ذَرَّۃٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الاَرضِ وَلَآ اَصغَرُ مِن ذٰلِکَ وَلَآ اَکبَرُ اِلَّا فِی کِتٰبٍ مُّبِینٍ۝ ترجمہ۔ پوشیدہ نگردد از وبرابر ذرّہ در آسمان ہا و نہ در زمین و نیست خورد تر ازاں و نہ بزرگ تر ازاں مگر آنکہ مکتوب است در کتاب روشن یعنی لوحِ محفوظ خلاصہ از تفسیر حسینی۔ عقیدۂ ۳۲۔ نمی باشد در دُنیا و نہ در آخرت ہیچ موجودے حادث در جمیع احوال مگر بہ مشیّتِ او و علم او و قضاء او یعنی حکمِ اُو و قدرِ او یعنی بمقدارِ تقدیر او و کتابتِ او در لوحِ محفوظ کہ او صف است ش اے بوصفِ موجود حادث ہر نہ بحکم یعنی نوشتہ است حق تعالیٰ در جمیع اشیاءٓ

ترجمہ۔ تو اس کلیہ میں مادہ بھی داخل ہے اور مادہ کا خالق بھی وہی ہے پس ابتدا ہر چیز کی بے مادہ ہے۔ حالانکہ پیدائش بعض چیزوں کی بعض مادوں سے پہلے عقیدہ کی نفی نہیں کرتی کیونکہ اصل مواد مخلوق کا غیر موجود ہے۔ عقیدۂ ۳۱۔ خدائے تعالیٰ جانتا تھا اشیاء کو ازل میں اشیاء کے وجود سے پہلے اس حال میں کہ مقدّر کیا ہے اشیاء کو اپنے ارادہ کے موافق اور حکم کیا مطابق اپنے علم کے اشیاء میں پس علم خدائے تعالیٰ کا قدیم ہے اور اس علم کے بعض متعلقات حادث ہیں جیسا نصّ صریح اس کی دال ہے کہ سورۂ سبا میں ہے ولا یعزب عنہ مثقال ذرّۃٍ الخ یعنی اور اس سے چھپا نہیں رہتا ہے ذرّہ برابر آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہیں ہے اس سے خورد تر اور نہ اس سے بزرگ تر مگر یہ کہ لکھا ہوا ہے کتاب روشن میں یعنی لوح محفوظ میں یہ خلاصہ ہے تفسیر حسینی کا۔ عقیدۂ ۳۲ نہیں رہتا ہے یا ہوتا ہے دُنیا میں اور نہ آخرت میں کوئی موجود حادث تمام احوال میں مگر اس کی مشیّت اور اس کے علم اور اس کی قضا سے یعنی اس کے حکم سے اور اس کے قدر سے کہ موافق مقدار اس کے اندازہ کرنے کے ہے اور اس کے لکھ دینے کے ہے لوحِ محفوظ میں جو موافق وصف موجود حادث کے ہے نہ موافق حکم کے یعنی حق تعالیٰ نے ساری اشیاءٓ کے حال میں یہ بات لکھ رکھی ہے کہ

عقیدہ ۳۷ بیرون آورد ذرّیت حضرت آدم علیہ السّلام را تا روزِ قیامت ش یعنی ہر قدر که تا روزِ قیامت پیدا شدنی است ہر طبقہ بعد طبقہ از صلبِ حضرت آدمؑ اولاً بعد ازاں از اختلافِ اصلابِ فرزنداں و ترائبِ بناتِ آدمؑ که بعض آں سپید بودند و بعض آں سیاہ و انتشار ساخت بسوئے یمین و یسار آدمؑ بعد ازاں خطاب کرد ذرّیاتِ آدمؑ را بقول اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ یعنی آیا نیستم پروردگارِ شما و امر کرد ایشاں را بایمان و احسان و منع کرد ایشاں را از کفر و عصیان پس اقرار کردند حق تعالیٰ جلّ شانہٗ را بربوبیت و ذاتہائے خود را بعبودیّت از قولِ بَلٰی از روئے ایمانِ حقیقی یا حکمی فَهُمْ يُوْلَدُوْنَ عَلٰى تِلْكَ الْفِطْرَةِ (ترجمہ) پس آنہا پیدا کردہ میشوند بریں آفرینش۔ عقیدہ ۳۸ شخصے که کفر آورد بعد ایمانِ میثاقے تبدیل کرد و تغیّر ساخت ایمانِ فطری را بکفر و کسی که ایمان آورد و تصدیق کرد در اظہار ایماں بایں روش که ایمانِ لسانی را مطابقِ تصدیقِ جنانی ساخت ثابت ماند بر دینِ خود که اصلِ فطرت بود و مستمر شد بر اقرارِ خود که بقولِ لفظِ بَلٰی بود۔

ترجمہ۔ عقیدہ ۳۷۔ باہر لایا خدائے تعالیٰ اولاد حضرت آدم علیہ السّلام کو دن قیامت تک یعنی جس قدر کہ دن قیامت تک پیدا ہونے والے ہیں طبقہ کے بعد طبقہ اوّل حضرت آدم علیہ السّلام کی پشت سے بعد اس کے ان کے فرزندوں کی پشتوں اور بیٹیوں کے سینوں سے کہ بعض ان کے سپید تھے اور بعض ان کے سیاہ اور آدم علیہ السّلام کے دہنے اور بائیں ان کو پھیلا کر اس کے بعد ذرّیتِ آدم علیہ السّلام سے خطاب کیا اس قول سے اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ یعنی کیا میں نہیں ہوں تمہارا پروردگار۔ اس کو روزِ میثاق کہتے ہیں اور حکم کیا ان کو ایمان اور احسان کا اور اُن کو کفر و عصیان سے منع کیا پس سب نے حق تعالیٰ جلّ شانہٗ کے ربّ ہونے پر اقرار کیا ایمان میثاقی کا اور اپنی ذاتوں کے لئے عبودیّت یعنی بندہ ہونے پر قول بَلٰی یعنی ہاں سے۔ یہ اقرار ایمان میثاقی ایمانِ حقیقی کی راہ سے تھا یا حکمی کی فَهُمْ يُوْلَدُوْنَ عَلٰى تِلْكَ الْفِطْرَةِ۔ یعنی پس وُہ پیدا کئے جاتے ہیں اسی پیدائش پر۔ عقیدہ ۳۸۔ جس شخص نے بعد ایمانِ میثاقی کے کفر اختیار کیا تو اس نے ایمان فطری کو کفر سے بدل دیا اور تغیّر کر دیا اور جو کوئی کہ ایمان لایا اور اس نے تصدیق کی ایمان کے ظاہر کرنے میں اس طریقہ سے کہ زبانی ایمان کو دل کی تصدیق کے مطابق کر لیا وُہ اپنے دین پر جو اصل فطرۃ کا تھا ثابت رہا اور اس اپنے اقرار پر جو لفظ بَلٰی کے قول سے تھا جاری رہا۔

وامثال آں از افعال پیدا می شود در مخلوقین عقیدہ [۳۶]۔ پیدا کرد حق تعالےٰ خلق را سادہ از آثار کفر و انوارِ ایماں باینکہ گردانید ایشاں را قابل اینکہ ازینہا عصیاں و احساں شد عبادت بحضور دل مر واقع شود بعد ازاں خطاب کرد حق تعالیٰ ایشاں را در وقتِ تکلیف شد ایں وقت در شرع بلوغ است کہ تقدیر کردند ش علماء بہ پانزدہ [۱۵] سال مر بعبادت وامر کرد ایشاں را با یماں وطاعۃ ومنع کرد ایشاں را از کفر ومعصیت پس ہر کہ کفر کرد بہ فعل خود و اختیارِ خود و انکارِ خود و اصرارِ خود بر جہل و استکبارِ خود بخذلانِ اللہ تعالیٰ یعنی بترک نصرتِ اللہ تعالیٰ اُورا و ہر کہ ایمان آورد بفعلِ خود وانقیادِ خود و اقرار بر زبانِ خود و تصدیق بجنان س بفتح جیم معنی دل م خود موافق امر اللہ تعالیٰ از توفیق اللہ تعالیٰ آنرا و یاری اللہ تعالیٰ اورا بمقتضائے فضل خود کما قال اللہ تعالیٰ اِنَّ اللّٰہَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی النَّاسِ (ترجمہ) تحقیق اللہ تعالیٰ ہر آئینہ صاحب فضل است بر آدمیان

ترجمہ۔ اور اس جیسے افعال کے مخلوقات میں پیدا ہوتا ہے عقیدہ [۳۶]۔ پیدا کیا حق تعالےٰ نے خلق کو سادہ آثار کفر اور انوار ایمان سے یعنی بے رنگ کفر و ایمان اس طرح کہ ان کو قابل اس کے بنا دیا کہ ان سے عصیان اور احسان واقع ہووے یعنی نا فرمانی اور عبادت جو حضورِ دل سے ہو۔ بعد اس کے خطاب کیا حق تعالےٰ نے ان کو تکلیف کے وقت میں عبادت کے ساتھ اور وقت تکلیف کا شرع میں بلوغ ہے جس کا اندازہ علماء نے پندرہ [۱۵] برس کیا ہے۔ اور حکم کیا ان کو ایمان اور طاعت کا اور منع کیا ان کو کفر و معصیت سے۔ پھر جس نے کفر کیا کفر کیا اپنے فعل سے اور اپنے اختیار سے اور اپنے انکار اور اپنے اصرار سے اور اپنے جہل و استکبار پر یعنی نادانی اور غرور پر خدائے تعالیٰ کے خذلان سے یعنی اس کے لئے خدائے تعالیٰ کی نصرت و مدد کے ترک یعنی چھوٹ جانے سے اور جو کوئی ایمان لایا ایمان لایا اپنے فعل سے اور اپنے تابعدار اور مقیّد ہونے سے اور اپنی زبان پر اقرار کرنے اور اپنے دل سے تصدیق کر لنے یعنی سچ ماننے سے موافق حکم خدائے تعالیٰ کے خدائے تعالیٰ کی توفیق اور اس کی مدد سے اس کے لئے اپنے فضل کے موافق جیسا فرمایا خدائے تعالیٰ نے اِنَّ اللّٰہَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی النَّاسِ یعنی یقینی خدائے تعالیٰ البتہ صاحب فضل ہے لوگوں پر۔

بجہد انہ بدیہا عقیدہ[۴۳] اللہ تعالیٰ خالقِ افعالِ عباد است موافقِ ارادۂ خود کما قال اللہ تعالیٰ
خالقُ کلِّ شیءٍ و فعلِ عباد نیز داخل در تحتِ شی است عقیدہ[۴۴] تمام افعالِ عباد از خیر و شر کسب
ایشاں بارادہ و علمِ حق تعالیٰ و قضائے حق تعالیٰ است عقیدہ[۴۵] طاعۃ بتمامہا ش از فرض و واجب و
مندوب ہر قلیل و کثیر ثابت است از امرِ اللہ تعالیٰ اَطِیعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیعُوا الرَّسُولَ۔ ترجمہ
فرمان برید اللہ تعالیٰ و فرمان برید رسول را صلعم و سبب محبتِ حق تعالیٰ است اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ
الْمُتَّقِیْنَ ترجمہ تحقیق اللہ تعالیٰ دوست می دارد پرہیزگاراں را و رضائے حق تعالیٰ است لقولہٖ
تعالیٰ فِی حق المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ ترجمہ خوشنود شد اللہ تعالیٰ از ایشاں اے سبب
رضائے حق تعالیٰ است ۱۲ و علم و مشیّت و قضا و تقدیرِ حق تعالیٰ است و معصیت بتمامہا ش
از کفر و شرک و کبیرہ و صغیرہ ہر از علمِ حق تعالیٰ و قضائے حق تعالیٰ و تقدیرِ حق تعالیٰ است و
و مشیّتِ حق تعالیٰ و نیستند سببِ محبّتِ حق تعالیٰ چنانچہ آیتِ قرآن مجید مشعر است اِنَّ اللّٰہَ لا

ترجمہ۔ برائیاں کمائیں ان کا بوجھ انہیں پر رہے گا۔ عقیدہ[۴۳] بندوں کے فعلوں کو خدائے تعالیٰ پیدا کرتا
ہے اپنے ارادہ کے موافق جیسا کہ خدائے تعالیٰ نے فرمایا خالقُ کلِّ شیءٍ یعنی ہر چیز کا خالق ہے اور
تحت شے میں بندوں کے فعل بھی داخل ہیں تو ان کا خالق بھی وہی ہے۔ پس اسی نے پیدا کئے اور وہی
پیدا کرتا ہے عقیدہ[۴۴] بندوں کے تمام فعل نیکی اور بدی کے انہیں کے کمائے ہوتے ہیں حق تعالیٰ کے ارادہ
اور علم سے اور حق تعالیٰ ہی کی قضا سے عقیدہ[۴۵] فرماں برداری تمام قسم کی فرض اور واجب اور نفل و مستحب
تھوڑی اور بہت ثابت ہے خدائے تعالیٰ کے حکم سے اَطِیعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیعُوا الرَّسُولَ یعنی تابعداری
کرو خدائے تعالیٰ کی اور تابعداری کرو رسول صلعم کی اور یہ تابعداری سبب ہے خدائے تعالیٰ کے لئے
محبّت کی۔ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ۝ یعنی یقینی خدائے تعالیٰ دوست رکھتا ہے پرہیزگاروں کو اور
یہی سبب ہے خدائے تعالیٰ کی خوشنودی کی بسبب فرمانے خدائے تعالیٰ کے مومنین کے حق میں رَضِیَ اللّٰہُ
عَنْھُمْ یعنی خوشنود ہو گیا خدائے تعالیٰ اُن سے۔ اور یہ خدائے تعالیٰ کے علم اور مشیّت اور قضا اور
تقدیر سے ہے اور نافرمانی بھی ہر قسم کی یعنی کفر اور شرک اور کبیرہ اور صغیرہ خدائے تعالیٰ کے
علم اور قضا اور تقدیر اور مشیّت سے ہے لیکن بسبب محبّت خدائے تعالیٰ کی نہیں ہے جیسا
آیت قرآن مجید کی آگاہ کر رہی ہے۔

عقیدہ[۳۹]۔ جبر نہ کردہ است ہیچ کس را از خلق خود بر کفر و نہ بر ایمان و پیدا نہ کردہ است اللہ تعالیٰ ایشاں را مومن و نہ کافر بلکہ پیدا کردہ است ایشاں را اشخاص عقیدہ[۴۰]۔ ایمان و کُفر فعلِ عبد است یعنی باعتبارِ اختیارِ ایشاں نہ بر وجہِ اضطرار عقیدہ[۴۱]۔ می داند اللہ تعالیٰ شخصی را کہ کفر می کند۔ کافر در حالتِ کُفر و ہر گاہ ایمان می آرد بعد از ارتکابِ کُفر می داند اللہ تعالیٰ او را مومن در حالِ ایمانِ او از غیر تغیّرِ علمِ او تعالیٰ و صفتِ او تعالیٰ ش یعنی غضب و رضا چنیں است در شرح فقہ اکبر ملّا علی م یعنی از کفر بندہ و ایمانِ بندہ علمِ حق تعالیٰ متغیّر نمی شود و نہ صفتِ او تعالیٰ ش یعنی غضب و رضا م عقیدہ[۴۲]۔ جمیع افعالِ عباد از کفر و ایمان و طاعۃ و عصیان کسبِ ایشاں است بر سبیلِ حقیقۃ و نیست بطریقِ مجاز و نہ بر سبیلِ اکراہ و غلبہ بلکہ اختیارِ ایشاں است در فعلِ ایشاں باعتبارِ اختلاف و میلان ذات ہائے ایشاں لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۔ ترجمہ۔ برائے آں باشد آنچہ کسب کرد از نیکوئی ہائے و بروئے باشد آنچہ کسب کرد۔

ترجمہ عقیدہ[۳۹]۔ خدائے تعالیٰ نے جبر نہیں کیا ہے کسی کے لئے اپنے مخلوق سے کفر پر اور نہ ایمان پر، اور نہ ان کو مومن پیدا کیا ہے اور نہ کافر بلکہ پیدا کیا ہے ان کو اشخاص۔ عقیدہ[۴۰]۔ ایمان و کفر بندہ کا فعل ہے یعنی باعتبار ان کے اختیار کے نہ اضطرار کی وجہ پر۔ عقیدہ[۴۱]۔ خدائے تعالیٰ اس شخص کو جو کفر کرتا ہے کافر جانتا ہے کفر کی حالت میں اور جب کفر اختیار کرنے کے بعد ایمان لاتا ہے۔ تو خدائے تعالیٰ اس کو مومن جانتا ہے اس کے ایمان کے حال میں بغیر متغیّر ہونے خدائے تعالیٰ کے علم کے اور خدائے تعالیٰ کی صفت کے یعنی صفتِ غضب و رضا کے شرح فقہ اکبر ملّا علی قاری میں اسی طرح ہے یعنی بندہ کے کفر و ایمان سے حق تعالیٰ کا علم متغیّر نہیں ہوتا ہے اور نہ اس کی صفتِ غضب و رضا عقیدہ[۴۲]۔ بندوں کے تمام افعال خواہ کفر و ایمان کے ہوں خواہ طاعت اور عصیان یعنی بندگی اور نافرمانی کے حقیقت کی راہ سے یہ انہیں کا کسب ہے اور مجاز کے طریق پر نہیں ہے اور نہ زبردستی اور غلبہ کی راہ سے ہے بلکہ ان کے فعل میں ان کا اختیار ہے ان کے اختلاف کے اعتبار سے اور ان کی ذاتوں کے اس طرف میلان کرنے سے لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ یعنی جو کچھ نیکیاں انہوں نے کسب کیں وہ انہیں کے لئے ہوں گی اور جو کچھ کوشش کر کے انہوں نے

بن مناف[۴] بن قصیّ[۵] بن کلاب[۶] بن مرّۃ[۷] بن کعب[۸] بن لوّیّ[۹] بن غالب[۱۰] بن فہر[۱۱] بن مالک[۱۲] بن نضر[۱۳] بن کنانہ[۱۴] بن خزیمہ[۱۵] بن مدرکہ[۱۶] بن الیاس[۱۷] بن مضر[۱۸] بن نزار[۱۹] بن معد[۲۰] بن عدنان[۲۱] مثل دریں قدر بہ نسب آں حضرت صلعم اختلاف نیست و روایت کردہ شد از آنحضرت صلعم کہ منسوب فرمود نفس مبارک خود را تا نزار بن معد بن عدنان از شرح فقہ اکبر ملّا علی ھم خاتم الانبیا است وحبیب اللہ تعالیٰ و بندۂ خاص حضرت جلّ و علیٰ و رسول اللہ تعالیٰ و تبارک و عبادت نہ کردہ است صنم را و شریک نہ کردہ است باللہ تعالیٰ کسے را گاہے نہ قبل از نبوّت نہ بعد از نبوّت و نہ مرتکب شدہ است صغیرہ و کبیرہ را مثل نہ قبل از نبوّت نہ بعدہم۔ عقیدہ [۴۹] افضل النّاس بعد وجود مبارک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلّم حضرت ابوبکر صدّیق بن قحافہ است رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد ایشاں حضرت عمر [illegible] الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد ایشاں حضرت عثمان ابن عفّان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد ایشاں حضرت مرتضیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ ابن ابی طالب

ترجمہ ابن مناف[۴] ابن قصیّ[۵] ابن کلاب[۶] ابن مرّہ[۷] ابن کعب[۸] ابن لوّیّ[۹] ابن غالب[۱۰] ابن فہر[۱۱] ابن مالک[۱۲] ابن نضر[۱۳] ابن کنانہ[۱۴] ابن خزیمہ[۱۵] ابن مدرکہ[۱۶] ابن الیاس[۱۷] ابن مُضر[۱۸] ابن نزار[۱۹] ابن معد[۲۰] ابن عدنان[۲۱] جن کا نسب شریف یہ ہے خاتم انبیاء ہیں یعنی ختم کرنے والے نبیوں کے کہ نبوّت آپ پر ختم ہے کوئی نبی بعد آپ کے نہیں ہو سکتا۔ اور آپ حبیبِ خدا تعالیٰ ہیں اور حضرت جلّ و علیٰ کے بندۂ خاص ہیں اور خدائے تعالےٰ و تبارک کے رسول ہیں۔ بُت کو آپ نے کبھی نہیں پُوجا اور نہ خدائے تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک کیا کبھی نہ پہلے نبوّت کے نہ بعد نبوّت کے اور نہ صغیرہ و کبیرہ کبھی گناہ کیا نبوّت سے پہلے اور بعد اس قدر نسب شریف مذکورہ بالا میں کہ معہ آں حضرت صلعم کے بائیس پشتیں ہوتی ہیں اختلاف نہیں ہے اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلّم سے مروی ہے کہ آپ نے منسوب فرمایا اپنے نفسِ مبارک کو نزار بن معد بن عدنان تک کہ شرح فقہ اکبر ملّا علی میں ہے عقیدہ [۴۹] آدمیوں میں سب سے بزرگ بعد وجود مبارک حضرت رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلّم کے حضرت ابوبکر صدّیق بن قحافہ ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد ان کے حضرت عمر ابنِ خطّاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد ان کے حضرت عثمان ابنِ عفّان رضی اللہ تعالےٰ عنہ بعد ان کے حضرت مرتضیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ ابنِ ابی طالب ہیں۔

